# 4332 ـ خالہ اس کی چچی بھی ہے

**سوال**

کیا میں اپنی چچی کی طلاق کے بعد اس کا محرم شمار ہونگا ، اصل میں وہ میرے نانا کی بیٹی ہے ؟ اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر سے نوازے ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ابنۃ جد ( عربی میں نانا اوردادا کو جد کہا جاتا ہے ) یا تو آپ کی خالہ ہوگي یا پھر پھوپھو ، اگر تووہ آپ کے داد کی بیٹی ہے تووہ آپ کی پھوپھو لگے گی ، اوراگر وہ آپ کے نانا کی بیٹی ہے تووہ آپ کی خالہ ۔

اورجب وہ آپ کی خالہ ( یعنی والدہ کی بہن ) یا پھر پھوپھو ہو توآپ ان دونوں کے محرم ہیں چاہے وہ آپ کی چچی ہو یا نہ ہو ( پھوپھو چچي نہیں ہوسکتی ) اورسوال سے تویہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ آپ کے نانا کی بیٹی یعنی آپ کی خالہ ہے ۔

واللہ اعلم .